36868-قرض خواہ کی طرف سے مقروض کو حج کرنے کی اجازت دینا

سوال

جب مسلمان فریضہ حج کی ادائیگی کا ارادہ کرے اوراس پر قرضہ بھی ہو توجب وہ قرض خواہ سے حج کی اجازت حاصل کر کے حج کی ادائیگی کرے توکیا اس کا حج صحیح ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمدللہ

جب واقعتا بات ایسی ہی ہو جس طرح ذکر کیا گیا
ہے کہ قرض خواہ نے آپ کو قرض کی ادائیگی سے قبل حج کی ادائیگی کی اجازت دے دی تو قرضہ
کی ادائیگی سے قبل فریضہ حج کی ادائیگی میں کوئی حرج نہیں ، اور آپ کا مقروض ہونے سے اس
طرح کی حالت میں آپ کے حج کی صحت پر کچھ اثر نہیں پڑے گا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .